www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | منگل 14 اپریل 2026ء بمطابق 25 شوال 1447ھ | شمارہ 259 | قیمت 10 روپے

پاسداران انقلاب

خطرہ لاحق ہوا تو خطے کی کوئی بھی بندرگاہ محفوظ نہیں رہے گی

خلیجی بندرگاہیں یا تو سب کیلئے محفوظ ہوں گی یا کسی کیلئے نہیں، بین الاقوامی پانیوں میں جہازوں پر امریکی پابندیاں غیر قانونی ہیں اور یہ عمل بحری قزاقی کے مترادف ہے

امریکی دھمکیوں کے بعد ایران آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول کیلئے ایک مستقل نظام نافذ کرنے جا رہا ہے، جس کے تحت سمندری نقل و حرکت کو منظم کیا جائے گا، ترجمان

ٹرمپ کی حالیہ دھمکیوں کا ایرانی قوم پر کوئی اثر نہیں ہوا، اگر امریکیوں نے ایک بار پھر ہمارے ارادوں کا امتحان لیا تو ہم انہیں بڑا سبق سکھائیں گے، باقر غالیباف

تہران (ویب ڈیسک) ایران کے فوجی ترجمان نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایرانی بندرگاہوں کو کسی بھی قسم کی خطرہ لاحق ہوا تو خلیج کی کوئی بھی بندرگاہ محفوظ نہیں رہے گی، جس سے خلیج میں کشیدگی کی مزید بڑھنے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ ایرانی افواج کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ خلیجی بندرگاہیں یا تو سب کے لیے محفوظ ہوں گی یا کسی کے لیے نہیں۔ انہوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایرانی بندرگاہوں کو کسی بھی قسم کی خطرہ لاحق ہوا تو خلیج کی کوئی بھی بندرگاہ محفوظ نہیں رہے گی، بین الاقوامی پانیوں میں جہازوں پر امریکی پابندیاں غیر قانونی ہیں اور یہ عمل بحری قزاقی کے مترادف ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ امریکی دھمکیوں کے بعد ایران آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول کیلئے ایک مستقل نظام نافذ کرنے جا رہا ہے، جس کے تحت سمندری نقل و حرکت کو منظم کیا جائے گا، ترجمان

وزیر اعظم

پاکستان خطے میں پائیدار امن کیلئے کلیدی کردار ادا کرتا رہے گا

پاکستان کو امن کی بحالی کے لیے ثالثی کا موقع ملا، ابھی تک سیز فائر قائم ہے، معاملات کو حل کرانے کے لیے پوری کوشش جاری ہے، یہ تاریخی لمحہ وطن عزیز کے 24 کروڑ عوام کے لیے باعث فخر ہے

فیلڈ مارشل کو شاباش اور شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہیں جب کہ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور ان کی ٹیم بھی خراج تحسین کی مستحق ہے، وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ کہ پاکستان خطے میں پائیدار امن کے لئے کلیدی کردار ادا کرتا رہے گا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ امریکہ اور ایران مذاکرات میں پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مثبت پیش رفت کے لئے کوشاں ہے، دونوں ملکوں کی قیادت کا مشکور ہوں، یہ میری نہیں پاکستان کی عزت ہے، ایران اور امریکا نے 2 ہفتے کی جنگ بندی پر اتفاق کیا، دونوں ملکوں کیساتھی صبح دو بجے 21 گھنٹے تک بات چیت جاری رہی، ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو امن کی بحالی کے لیے ثالثی کا موقع ملا، ابھی تک سیز فائر قائم ہے، معاملات کو حل کرانے کے لیے پوری کوشش جاری ہے، یہ ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 37

ٹرمپ کا آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کا اعلان

چین نے کھل کر امریکا کی مخالفت کر دی

آبنائے ہرمز کو ایران کنٹرول کرتا ہے اور یہ راستہ چین کے لیے کھلا ہے، ایران سے شراکت داری جاری رکھیں گے

چین کے بحری جہازوں کی آبنائے ہرمز میں آمد و رفت جاری ہے، چین عالمی امن اور استحکام کے لیے پرعزم ہے

مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں، چین ایران کیساتھ توانائی اور تجارتی معاہدوں کا احترام کریگا

بڑھتی علاقائی کشیدگی کے باوجود ایران کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری جاری رکھیں گے، چینی وزیر دفاع

بیجنگ (ویب ڈیسک) چین کے وزیر دفاع نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کو ایران کنٹرول کرتا ہے اور یہ راستہ چین کے لیے کھلا ہے، ایران سے شراکت داری جاری رکھیں گے۔ چینی وزیر دفاع ڈونگ جن نے کہا ہے کہ چین بین الاقوامی قانون کے تحت بین الاقوامی آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمد و رفت جاری ہے، بیجنگ علاقائی کشیدگی کے باوجود ایران کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری جاری رکھیں گے۔ چینی وزیر دفاع نے کہا کہ چین عالمی امن اور استحکام کے لیے پرعزم ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ چین مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے، چین ایران کے ساتھ توانائی اور تجارتی معاہدوں کا احترام کرے گا، یہ بیرونی دباؤ یکطرفہ پابندیاں چین کے فیصلوں کو متاثر نہیں کرسکتیں۔ ادھر چینی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ چین ہمیشہ اپنی فوجی برآمدات میں شفافیت اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرتا رہا ہے، امید ہے تمام فریق جنگ بندی کی پاسداری ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 26

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں۔ اسلام ..... بقیہ صفحہ 39 کالم نمبر

ایف آئی اے کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں، محسن نقوی

ایف آئی اے پر فارم کرتی تو تنبیہ نہیں، یہ سارا کام ایف آئی اے کا تھا جو نیب کر رہی ہے

امید ہے کہ رواں سال کے آخر تک ایف آئی اے ایک نئی طرز کا ادارہ بن چکا ہوگا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ رواں سال کے آخر تک ایف آئی اے ایک نئی طرز کا ادارہ ..... بقیہ صفحہ 39 کالم نمبر

کراچی: وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ، ادارے کے ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی: وزیر داخلی سندھ ضیاء الدین شاہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلی سندھ سید ضیاء الدین شاہ نے کہا کہ وفاق و بین الاقوامی امور پر بھی روشنی ڈالی جائے گی، وزیر داخلی سندھ ضیاء الدین شاہ نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری ملک کو ..... بقیہ صفحہ 32 کالم نمبر

بلاول ترقیاتی منصوبوں میں گہری دلچسپی لے رہے ہیں، مراد علی شاہ

حالیہ سفارتی روابط میں ایران اور امریکہ نے پاکستان کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے

موٹر طرز تھکرانی اور سفارتکاری عوامی افلاتی اقدامات سے جڑی ہوئی ہے، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ موٹر طرز تھکرانی اور سفارتکاری عوامی افلاتی اقدامات سے جڑی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری ملک کو ..... بقیہ صفحہ 32 کالم نمبر

سیاسی فیصلے محمود اچکزئی، علامہ ناصر کی مشاورت سے ہونگے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی رہنما سلمان اکرم راجا کا کہنا ہے کہ بانی عمران خان نے بذریعہ سلمان صفدر اہم ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام سیاسی معاملات محمود ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 46

وزیر داخلی بلوچستان سرفراز بگٹی سے سعودی وزیر داخلہ ملاقات کر رہے ہیں

ایران امریکہ مذاکرات کا نیا دور جلد شروع ہوگا، خواجہ آصف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ ایران امریکہ کے درمیان مذاکرات کا نیا دور جلد شروع ہوگا۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ دوبارہ مذاکرات ..... بقیہ صفحہ 45 کالم نمبر

امریکی فوج نے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی شروع کر دی

خلاف ورزی کرنیوالے جہازوں کو روکنے یا قبضے میں لینے کی دھمکی

دبئی (ویب ڈیسک) عرب میڈیا کا کہنا ہے کہ امریکی فوج نے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی شروع کر دی ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق امریکی فوج نے ایران کے سمندری راستوں کی ناکہ بندی شروع کر دی ہے، خلاف ورزی کرنیوالے جہازوں کو روکنے یا قبضے میں لینے کی دھمکی۔ اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کا اعلان کرتے ہوئے کہا تھا کہ اب ایران اپنا تیل نہیں بیچ سکے گا، آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا تھا کہ ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 29

روس ایران کے افزودہ یورینیم اپنے پاس رکھنے کیلئے تیار

امریکا کیساتھ ممکنہ امن معاہدے کے حصے کے طور پر روس اس مسئلہ کیلئے تیار ہے، کریملن

ماسکو (ویب ڈیسک) کریملن نے کہا ہے کہ روس ایران کے افزودہ یورینیم کو اپنے پاس رکھنے کے لیے تیار ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق کریملن کا کہنا تھا کہ امریکا کیساتھ ممکنہ امن معاہدے کے حصے کے طور پر روس اس مسئلہ کیلئے تیار ہے، روسی صدر دفتر نے کہا کہ روس دنیا میں تو ایٹمی کے سب سے قابل اعتماد سپلائرز میں ایک ہے اور رہے گا، آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی سے مشکلات کا سامنا ہے۔ کریملن نے مزید واضح کیا کہ ناکہ بندی سے عالمی معیشت کو نقصان ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 38

ایرانی جہاز ناکہ بندی کے قریب آئے تو تباہ کر دینگے، ٹرمپ

ہم نے ایران کے چند چھوٹے جہازوں کو نشانہ نہیں بنایا، ان کے فاسٹ اٹیک شپس سے ہمیں زیادہ خطرہ نہیں

ہم سمندر میں منشیات سمگل کرنے والی کشتیوں پر کارروائی کرتے ہیں، یہ کارروائی تیز اور انتہائی سخت ہوتی ہے

ایرانی بحریہ سمندری کی تہہ میں جا چکی ہے، ایران کے 158 مکمل طور پر تباہ کر دیے گئے ہیں، امریکی صدر ٹرمپ

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اگر ایرانی جہاز ہماری ناکہ بندی کے قریب بھی آئے تو تباہ کر دیں گے۔ سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ہم نے ایران کے چند چھوٹے جہازوں کو نشانہ نہیں بنایا، ان کے فاسٹ اٹیک شپس سے ہمیں زیادہ خطرہ نہیں ہے، ایرانی بحریہ سمندری کی تہہ میں جا چکی ہے، ایران کے 158 مکمل طور پر تباہ کر دیے گئے ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ ہم نے ایران کے چند چھوٹے جہازوں کو نشانہ نہیں بنایا، ان کے ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 35

چابہار میں وزیر اعظم کا شہباز شریف کو فون، خطے میں امن کے قیام پر بات چیت

سانحے تاکا پگچی نے جنگ بندی کے قیام اور مذاکرات کے انعقاد میں پاکستان کے سفارتی کردار کو سراہا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان اور جاپان کے وزرائے اعظم کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے جس میں خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف سے جاپان کی وزیر اعظم ساناے تاکا پگچی نے ٹیلی فونک رابطہ کیا، جس میں عالمی صورتحال اور علاقہ سفارتی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | منیجنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے آل اصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، فخر فلور، ہیڈ آفس بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

پنجاب پولیس پاکستان ایپ کا افتتاح

پنجاب کے شہری اب شناختی کارڈ، پاسپورٹ، ڈرائیونگ لائسنس اور دیگر ضروری کاغذات کی گمشدگی کی رپورٹ گھر بیٹھے درج کرا سکتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ''پنجاب پولیس پاکستان ایپ'' کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے۔ اس ایپ پر اندراج کے بعد گمشدگی کی رپورٹ شہریوں کو گھر پر ہی موصول ہو جائے گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ایپ کے اجرا پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عوام کے لیے آسانیاں پیدا کرنا ہماری حکومت کا عزم ہے، اور پنجاب کو جدت کی راہ پر گامزن کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ اس ایپ کے ذریعے گمشدگی رپورٹ درج کرانے سے شہریوں کے وقت اور وسائل دونوں کی بچت ہوگی۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے دیگر جرائم اور معاملات کی ایف آئی آر بھی اسی طرز پر درج کرنے کا موثر نظام قائم کیا جا سکتا ہے۔ ماضی میں روایتی پولیس کلچر کے باعث عام لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا، تاہم مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت نے اس جانب خصوصی توجہ دی ہے۔ پولیس کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اس سے قبل بھی کئی اقدامات کیے گئے ہیں، جن میں پولیس اہلکاروں کی یونیفارم پر کیمرے نصب کرنا ایک اہم قدم ہے۔ اس اقدام سے اہلکاروں کی کارکردگی کی خودکار نگرانی ممکن ہو سکے گی اور وہ عناصر بھی قابو میں آئیں گے جو اپنی ذمہ داریاں درست طریقے سے ادا کرنے کے بجائے دیگر سرگرمیوں میں ملوث رہتے تھے۔ ایف آئی آر، جو کبھی عام آدمی کے لیے درج کروانا ایک مشکل اور بعض اوقات ناممکن مرحلہ بن جاتی تھا، مریم نواز کے وزیرِ اعلیٰ بننے کے بعد ان مشکلات میں نمایاں کمی آئی ہے، اب اس ایپ کے ذریعے مزید آسانی پیدا ہو گئی ہے۔ ایسے اقدامات نہ صرف ایف آئی آر کے اندراج کو آسان بناتے ہیں بلکہ جرائم کے خاتمے میں بھی موثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اگر پنجاب حکومت کے اس ماڈل کو دیگر صوبے بھی اپنائیں تو وہاں بھی جرائم میں کمی لانے میں مدد مل سکتی ہے۔

دنیا ایک بار پھر ایک ایسے موڑ پر کھڑی ہے جہاں سفارتی کوششوں کی ناکامی نہ صرف علاقائی بلکہ عالمی سطح پر خطرناک نتائج کا پیش خیمہ بن سکتی ہے۔ پاکستان کی کاوشوں سے امریکہ اور ایران کے درمیان دو ہفتوں کے لیے جنگ بندی پر اتفاق اور اسلام آباد میں مذاکرات کا انعقاد بلاشبہ ایک مثبت پیش رفت تھی۔ یہ پاکستان کی متوازن خارجہ پالیسی اور امن کے لیے اس کے سنجیدہ کردار کا مظہر تھا۔ تاہم 21 گھنٹوں تک جاری رہنے والے طویل مذاکرات کسی ٹھوس نتیجے کے بغیر ختم ہو جانا ایک تشویشناک امر ہے، جو اس بات کی علامتی کرتا ہے کہ عالمی طاقتیں ابھی تک سنجیدہ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے کسی ٹھوس ہو سکیں۔ اسلام آباد کے سیریا ہوٹل میں ہونے والے ان مذاکرات سے عالمی برادری کو خاصی امیدیں وابستہ تھیں۔ امریکی نائب صدر جی ڈی وینس کا نمائندوں میں دیے گئے بیانات سے تاثر ملا کہ امریکہ اپنی شرائط پر قائم رہا اور اس نے اپنے مقف میں خاطر خواہ لچک نہیں دکھائی۔ یہ ہماری رائے میں اور بہترین ڈپلومیٹک کوششوں کی ناکامی نہیں

بچوں کو دو سال سے کے فقرے بھی دہرے جائیں گے تاکہ توتلے پن کا علاج بہتر ہو سکے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 83 ہزار سے زائد تربیت یافتہ فرنٹ لائن ورکرز گھر گھر کارکردگی کو یقینی دیں گے تاکہ کوئی بچہ رہ نہ جائے جبکہ بُعد کی سکیورٹی کے لیے 24 ہزار سے زائد اہلکار تعینات کیے گئے ہیں، جن میں 2,400 سے زائد خواتین پولیس اہلکار بھی شامل ہیں۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور پولیو کے ہر قطرے کو بچوں تک رسائی یقینی بنائیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان دو واحد ممالک ہیں جہاں پولیو اب بھی موجود ہے، اس لیے وائرس کے خاتمے کے لیے مسلسل قومی کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے تاثر دیا کہ پاکستان میں 2024 میں 74 جبکہ گزشتہ سال 31 کیسز رپورٹ ہوئے جبکہ سندھ میں 2025 میں 9 کیسز سامنے آئے اور تقریباً 80 فیصد ماحولیاتی نمونے مثبت آئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ 2026 میں نمایاں بہتری آئی ہے، ماحولیاتی مثبت شرح کم ہو کر 24 فیصد رہ گئی ہے اور اب تک صرف ایک کیس ضلع جعفر آباد میں رپورٹ ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ متاثرہ بچے کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ خیال ظاہر کیا کہ ممکنہ وجہ نہیں ہوئی۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ بار بار پاکستان مہمات میں بچوں میں قوت مدافعت پیدا کرنے اور وائرس کے مستقل خاتمے کے لیے ضروری ہیں، اور پولیو ویکسین صفر، مضر اور عالمی ادارہ صحت) ڈبلیو ایچ او) سے تصدیق شدہ ہے۔ انہوں نے دعا دی، تعلیمی اداروں، میڈیا، علمائے کرام اور سول سوسائٹی سے مہم کی حمایت کی اپیل کی اور کہا کہ میڈیا آگاہی بڑھانے اور غلط معلومات کے تدارک میں کردار ادا کرے، جبکہ مذہبی وسماجی رہنما ویکسینیشن کی ترغیب دیں۔ انہوں نے پولیو ورکرز اور سیکیورٹی اہلکاروں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ مشکل حالات میں دور دراز علاقوں تک کٹھن فرائض انجام دے رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری کی کاوشوں کو بھی سراہا اور کہا کہ یہ تطہیر ہمونے ماضی میں اپنی سماجی خدمات کو پولیو کے خاتمے کی جدوجہد سے منسلک کیا تھا جو ایک مثال قائم کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ تب ہی ممکن ہے جب ہر بچے کو مستقل بنیادوں پر حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ ہر بچے کو پولیو سے بچانے کی ذمہ داری ہے۔

01

02

03

04

05

06

07

08

09

10

11

12

13

14

15

16

17

18

19

20

21

22

23

24

25

26

27

28

29

30

31

32

33

34

35

36

37

38

39

40

41

42

43

44

45

46

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا

سات روزہ مہم 13 سے 19 اپریل تک جاری رہے گی، سندھ بھر میں ایک کروڑ چھ لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا

ٹیموں کی سیکیورٹی کے لیے 24 ہزار سے زائد اہلکار تعینات کیے گئے ہیں، جن میں 2,400 سے زائد خواتین پولیس اہلکار بھی شامل ہیں، وزیراعلیٰ سندھ

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے انسداد پولیو مہم کا آغاز کر رہے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صوبہ بھر میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کرتے ہوئے ضلع ملیر میں ایک بچی کو خود پولیو کے قطرے پلائے اور بعد ازاں کلاس رومز کا دورہ کرتے ہوئے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ویکسین پلانے کی ذمہ داری سونپی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے بچوں کو خود پولیو کے قطرے پلانے کا آغاز کرتے ہوئے ضلع ملیر میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیو کے خلاف جنگ میں ہر بچہ اہم ہے اور ہر بچے کو پولیو سے بچانا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں